# حقائق نامہ: جنسی اور تولیدی صحت کے فیصلوں کی بنیاد پر ملازمت میں امتیازی سلوک کے خلاف تحفظات

**20 مئی 2019 سے، نیویارک کے باشندے اپنی جنسی اور تولیدی صحت کے فیصلوں کی بنیاد پر ملازمت میں امتیازی سلوک سے تحفظ یافتہ ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آجرین ملازم کی جنسی یا تولیدی صحت کے فیصلوں سے متعلق کسی بھی سرگرمی کے خلاف کسی بھی قسم کی ناموافق کارروائی نہیں کرسکتے ہیں۔**

### سوال۔ کون تحفظ یافتہ ہے؟

**جواب۔ نیویارک سٹی میں موجود زیادہ تر ملازمین اور ملازمت کے درخواست دہندگان تحفظ یافتہ ہیں۔ اگر آجر کے پاس چار یا اس سے زیادہ ملازمین ہیں تو، وہ ملازمین یا ملازمت کے درخواست دہندگان کے ساتھ امتیازی سلوک نہیں کرسکتے ہیں۔** کارکنان اور درخواست دہندگان کل وقتی، جزوقتی، یا انٹرن شپس سے قطع نظر تحفظ یافتہ ہیں۔ ایسے آزاد ٹھیکیداران بھی تحفظ یافتہ ہیں جن کے پاس اپنے ملازمین نہیں ہیں۔

### سوال۔ "جنسی اور تولیدی صحت کے فیصلے" کیا ہیں؟

**جواب۔ یہ تولیدی نظام اور اس کے افعال سے متعلق خدمات حاصل کرنے سے متعلق فیصلہ ہے۔** ان میں شامل ہیں، لیکن یہ انہیں تک محدود نہیں ہے:

- خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات اور کاؤنسلنگ، جیسے اسقاط حمل، ضبط تولید، ہنگامی امتناع حمل، بانجھ کاری اور حمل کی جانچ؛
- باروری سے متعلق طبی طریقہ کار؛ اور
- جنسی طور پر منتقل ہونے والے مرض کی روک تھام، جانچ اور علاج۔

### سوال۔ کیا اس میں نیویارک کے مخنث باشندوں کے لیے ہارمون تھیراپی یا تبدیلی سے متعلق نگہداشت حاصل کرنے کا فیصلہ شامل ہے؟

**جواب۔ ہاں۔** مخنث لوگوں کو ہارمون تھیراپی یا تولیدی نظام یا اس کے افعال پر مشتمل تبدیلی سے متعلق دیگر نگہداشت حاصل کرنے کے فیصلے کی بنیاد پر امتیازی سلوک سے تحفظ حاصل ہے۔ یہ صنف اور بعض صورتوں میں، معذوری کی بنیاد پر بھی امتیازی ہوسکتا ہے۔

### سوال۔ کس طرح کے اعمال ممنوعہ ہیں؟

**جواب۔ آجرین کے لیے ملازمین کے ساتھ دوسرے ملازمین کے مقابلے میں کم اچھا سلوک کرنے یا ان کی جنسی یا تولیدی صحت کے فیصلوں کی وجہ سے ہراساں کرنا ممنوع ہے۔** خلاف ورزیوں کی مثالوں میں شامل ہیں:

- آجر بار بار کسی ملازم کی تجربہ گاہ میں بارآوری (ان- ویٹرو فرٹیلائزیشن) معالجہ (IVF) حاصل کرنے پر تنقید کرتا ہے، جو کہ آجر کے خیال سے "قدرتی" نہیں ہے۔
- آجر یہ جاننے کے بعد کہ ملازم کا اسقاط حمل ہوا ہے، ملازم کو ملازمت سے برطرف کر دیتا ہے؛
- سپروائزر اپنی ٹیم کے ملازمین میں سے ایک سے یہ معلوم ہونے کے بعد ملنے سے گریز کرتا ہے کہ ملازم نے ہیومن امیونو ڈیفسیئنسی وائرس (HIV) کے لیے حفاظتی معالجہ حاصل کرنے کوشش کی ہے۔

### سوال۔ کیا آجرین کو جنسی یا تولیدی صحت کے فیصلے کے لیے طبی طریقہ کار یا طبی اپائنٹمنٹ کے لیے چھٹی جیسی سہولیات فراہم کرنے کی ضرورت ہے؟

**جواب۔ نہیں۔ تاہم، اگر طریقہ کار یا اپائنٹمنٹس معذوری، یا حمل، بچے کی پیدائش، یا متعلقہ طبی کیفیت سے متعلق ہوں، تو آجر کو مناسب سہولت فراہم کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔** مزید معلومات کے لیے، حمل اور معذوری کی بنیاد پر امتیازی سلوک کے بارے میں کمیشن کی رہنمائی [nyc.gov/site/cchr/law/legal-guidances.page](nyc.gov/site/cchr/law/legal-guidances.page) تلاش کریں۔

### سوال۔ قانون‌کی خلاف ورزی کرنے والے آجرین کے لیے اس کے کیا نتائج ہوتے ہیں؟

**جواب۔** انہیں ہرجانے، جرمانے کی ادائیگی کرنی پڑسکتی ہے، اور/یا وہ اضافی مثبت راحت جیسے کہ لازمی تربیت اور پوسٹنگ کے تقاضوں کے مستوجب ہوسکتے ہیں۔

**اگر آپ کو جنسی اور تولیدی صحت کے فیصلوں کی بنیاد پر امتیازی سلوک کا سامنا کرنا پڑا ہے تو، ہم مدد کر سکتے ہیں۔ 311 یا کمیشن کی انفولائن کو براہ راست 0197-416-212 پر کال کرکے NYC کمیشن برائے انسانی حقوق سے رابطہ کریں۔ مزید معلومات کے لیے، NYC.gov/HumanRights ملاحظہ کریں۔**